رسول اللہ ﷺ پریشانی کے وقت یہ دعا پڑھا کرتے تھے: ”لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ رَبُّ السَّمَوَاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ، وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ“ (اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، جو عظمت والا اور بُردبار ہے اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، جو عرش عظیم کا رب ہے اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں جو آسمانوں کا رب ہے، زمین کا رب ہے اور مقام وشرف والے عرش کا رب ہے)

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے: رسول اللہ ﷺ پریشانی کے وقت یہ دعا پڑھا کرتے تھے: ”لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ رَبُّ السَّمَوَاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ، وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ“ (اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، جو عظمت والا اور بُردبار ہے اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، جو عرش عظیم کا رب ہے اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں جو آسمانوں کا رب ہے، زمین کا رب ہے اور مقام وشرف والے عرش کا رب ہے)

[صحيح] [متفق عليه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم سخت پریشانی اور شدید غم واندوہ کے وقت یہ دعا پڑھا کرتے تھے: «لا إله إلا الله» اللہ کے سوا کوئی برحق معبود نہیں ہے «العظيم» وہ اپنی ذات، صفات اور افعال میں عظیم مرتبہ اور بڑی شان والا ہے «الحليم» وہ بردبار ہے، جو کسی نافرمان بندے کو فورا سزا نہیں دیتا، بلکہ مہلت دیتا ہے کبھی کبھی تو معاف بھی کر دیتا ہے جب کہ اس کے پاس سزا دینے کی پوری طاقت موجود ہے کیوں کہ وہ پروردگار سب کچھ کرنے کی طاقت رکھتا ہے «لا إله إلا الله رب العرش العظيم» اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں، جو عرش عظیم کا خالق ہے «لا إله إلا الله رب السموات والأرض» اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں، جو آسمانوں اور زمین کا رب وخالق اور ان کے اندر موجود تمام چیزوں کا خالق، مالک، مصلح اور اپنی مشیت سے ان میں تصرف کرنے والا ہے «رب العرش الكريم» جو عرش عظیم کا خالق ہے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5141